لاہور
ہفت روزہ
ندائے خلافت
www.tanzeem.org

09

مسلسل اشاعت کا
33واں سال

تنظیم اسلامی کا پیغام
خلافت راشدہ کا نظام

تنظیم اسلامی کا ترجمان

16 تا 22 شعبان المعظم 1445ھ / 27 فروری تا 4 مارچ 2024ء

مشرقِ وسطیٰ : تیسری عالمی جنگ کا میدان

احادیث سے تو یہ بات صراحت کے ساتھ معلوم ہوتی ہی ہے کہ ان جنگوں کا میدان مشرق وسطیٰ بنے گا، عالمی حالات اور واقعات بھی ایک عرصہ سے اسی جانب اشارہ کر رہے ہیں کہ آئندہ جنگ عظیم یعنی اس صدی کی تیسری عالمگیر جنگ یورپ میں نہیں، مشرق وسطیٰ میں لڑی جائے گی۔ اب ظاہر ہے کہ اس علاقے میں موجود امت مسلمہ یعنی امت محمد ﷺ کا افضل تر حصہ یعنی ''اُمیّین'' یا عرب مسلمان تو چودہ سو برس سے آباد ہیں ہی، اس صدی کے آغاز سے سابقہ اور معزول شدہ امت مسلمہ یعنی یہودیوں کی بھی از سرِ نو آباد کاری زور شور کے ساتھ شروع ہو گئی تھی، جو عنقریب اپنے کلائمیکس کو پہنچ جائے گی اور پوری دنیا سے تمام یہودی کشاں کشاں یہیں آ کر آباد ہو جائیں گے۔ چنانچہ ان عظیم جنگوں یا سلسلۂ ملاحم کے ذریعے ہولناک تباہی کی صورت میں اللہ کے قانونِ عذاب کے مطابق شدید ترین کوڑے ان ہی دونوں پر پڑیں گے۔ لیکن ان کے مابین بالآخر ایک عظیم فرق و تفاوت ظاہر ہوگا۔ یعنی سابقہ معزول، مغضوب، اور ملعون امت یہود پر تو اللہ کے اس ''عذابِ اکبر'' کے فیصلے کا نفاذ ہوگا جس کی مستحق وہ حضرت مسیحؑ کی رسالت کے انکار اور آنجنابؑ کو اپنے بس پڑتے سولی پر چڑھوا دینے کی بناء پر اب سے دو ہزار برس قبل ہو چکی تھی لیکن جس کے نفاذ کو ایک خاص سبب سے مؤخر کر دیا گیا تھا، چنانچہ اب اسے ان ہی حضرت مسیحؑ کے ذریعے اور مسلمانوں کے ہاتھوں نسیاً منسیا اور نیست و نابود کر دیا جائے گا، بالکل جیسے حضرات نوح، ہود، صالح، لوط اور شعیب علیہم السلام کی اقوام اور آلِ فرعون اپنی اپنی جانب بھیجے جانے والے رسولوں کی نگاہوں کے سامنے ہلاک کئے گئے تھے۔ لیکن اس کے برعکس چونکہ موجودہ امت مسلمہ اللہ کے آخری رسول ﷺ کی امت ہے اور آنحضور ﷺ کے قول کے مطابق خود آخری امت کی حیثیت رکھتی ہے، مزید برآں وہ صرف ایک نسل پر مشتمل نہیں بلکہ ''ملٹی نیشنل'' امت ہے، لہٰذا اسے اس کے جرائم کے بقدر سزا دینے کے بعد توبہ کی توفیق اور اصلاح کا موقع عنایت کر دیا جائے گا، جس سے اسلام کی نشأۃِ ثانیہ اور دینِ حق کے غلبے کا دورِ ثانی شروع ہوگا جو اس بار پورے عالم انسانی اور کل روئے ارضی کو محیط ہوگا، جس کی صریح اور واضح خبریں دی ہیں جنابِ صادق و مصدوق ﷺ نے۔

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں محوِ حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی!

مسلمان امتوں کا ماضی، حال اور مستقبل
ڈاکٹر اسرار احمدؒ

غزہ پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری کو 144 دن گزر چکے ہیں!
کل شہادتیں: 29500 سے زائد، جن میں بچے: 12500،
عورتیں: 9500۔ زخمی: 79000 سے زائد

اس شمارے میں

غلطی نہیں، غلطی پر اصرار تباہی کا باعث.....
موجودہ سیاسی صورت حال پر 15 نکاتی تبصرہ
الیکشن 2024ء کے نتائج اور اسٹیبلشمنٹ کا کردار
حیا ہی پہچان ہماری
رمضان میں تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام ملک بھر میں دورہ ترجمہ قرآن پروگرام
I'm an American Doctor Who Went to Gaza

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو الہام

الہدیٰ
ڈاکٹر اسرار احمدؒ 1074

سُورَۃُ الْقَصَص | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | آیات: 07، 08

وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اُمِّ مُوْسٰۤى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ
وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَاۤدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ ٧ فَالْتَقَطَهٗۤ اٰلُ فِرْعَوْنَ
لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۗ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِئِيْنَ ۝ ٨

آیت: ۷ ﴿وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اُمِّ مُوْسٰۤى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ﴾ ''اور ہم نے وحی کردی موسیٰؑ کی والدہ کو کہ تم اسے دودھ پلاتی رہو۔''

﴿فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ﴾ ''اور جب تمہیں اس کے بارے میں اندیشہ ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا اور نہ خوف کھانا اور نہ رنجیدہ ہونا۔''

کہ جب تمہیں معلوم ہو کہ حکومتی کارندے تلاشی کے لیے آرہے ہیں اور پکڑے جانے کا امکان ہے تو بلاخوف وخطر بچے کو دریائے نیل میں ڈال دینا۔

﴿اِنَّا رَاۤدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝﴾ ''ہم اسے لوٹانے والے ہیں تمہاری طرف اور اسے بنانے والے ہیں رسولوں میں سے۔''

آیت: ۸ ﴿فَالْتَقَطَهٗۤ اٰلُ فِرْعَوْنَ﴾ ''تو اُسے اٹھالیا فرعون کے گھر والوں نے''

''لُقطہ'' کے معنی ایسی چیز کے ہیں جو کہیں گری پڑی ہو اور کوئی اسے اٹھالے۔ فقہ کی کتابوں میں ''لُقطہ'' کے بارے میں تفصیلی احکام ومسائل ملتے ہیں۔

﴿لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۗ﴾ ''تاکہ وہ بن جائے ان کے لیے دشمن اور پریشانی (کا باعث)۔''

اس کا یہ مطلب نہیں کہ بچے کو دریا سے نکالتے ہوئے ان کا یہ مقصد تھا یا انہیں معلوم تھا کہ ایسے ہوگا' بلکہ مراد یہ ہے کہ بالآخر اس کا جو نتیجہ نکلا وہ یہی تھا کہ وہ بچہ اُن کے لیے تکلیف اور پریشانی کا باعث بن گیا۔

﴿اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِئِيْنَ ۝﴾ ''یقیناً فرعون' ہامان اور ان کے سب لشکر (اپنی تدبیر میں) خطا کار تھے۔''



درس حدیث

لقطہ (گری پڑی چیز) کے احکام

عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ رضی اللہ عنہ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: ((عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنِ اعْتُرِفَتْ فَأَدِّهَا فَإِنْ لَمْ تُعْرَفْ فَاعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِعَاءَهَا ثُمَّ كُلْهَا فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ)) (صحیح مسلم)

زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لقطہ کے متعلق پوچھا گیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''سال بھر اس کے مالک کا پتہ کرتے رہو، اگر کوئی اس کی (پہچان) کرلے تو اسے دے دو، ورنہ اس کی تھیلی اور اس کا بندھن یاد رکھو، پھر اس کو اپنے کھانے میں استعمال کرلو، اگر اس کا مالک آجائے تو اسے ادا کردو۔''

ہفت روزہ
لاہور
ندائے خلافت

تا خلافت کی بنا دُنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تنظیم اسلامی کا ترجمان نظامِ خلافت کا نقیب

بانی: اقتدار احمد مرحوم

16 تا 22 شعبان المعظم 1445ھ جلد 33
27 فروری تا 4 مارچ 2024ء شمارہ 09

مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید
مدیر: ایوب بیگ مرزا
ادارتی معاون: فرید اللہ مروت

نگران طباعت: شیخ رحیم الدین
پبلشر: محمد سعید اسعد، طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس، ریلوے روڈ، لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی

"دارالاسلام" ملتان روڈ چونگ لاہور۔ پوسٹل کوڈ 53800
فون: 78-35473375 (042)
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت: 36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور 54700
فون: 03-35869501 فیکس: 35834000
nk@tanzeem.org

قیمت فی شمارہ 20 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک .... 800 روپے
بیرونِ پاکستان
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ (21,000 روپے)
انڈیا، یورپ، ایشیا، افریقہ وغیرہ (16000 روپے)
ڈرافٹ، منی آرڈر یا پے آرڈر
"مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں۔ چیک قبول نہیں کیے جاتے
Email:maktaba@tanzeem.org

"ادارہ" کا مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

اداریہ
ایوب بیگ مرزا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غلطی نہیں، غلطی پر اصرار تباہی کا باعث بنتا ہے!

انسانی تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ غلطی نہیں، بلکہ غلطی کا تسلسل اور اُس پر اصرار درحقیقت فرد اور معاشرہ کی تباہی اور بربادی کا باعث بنتا ہے۔ اکثر اوقات یہ ضد اور انا کا مسئلہ بن جاتا ہے جس سے بڑی بڑی ریاستیں اور مملکتیں بھی زمین بوس ہو جاتی ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے 14 اگست 1947ء کو سرکاری ملازمین سے خطاب میں مسلح افواج پر سویلین بالادستی کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ مت بھولیں کہ مسلح افواج عوام کی خادم ہیں اور آپ قومی پالیسی نہیں بناتے۔ یہ ہم عام شہری ہیں جو ان مسائل کا فیصلہ کرتے ہیں اور یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ ان کاموں کو انجام دیں جو آپ کو سونپے گئے ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناح نے 25 مارچ 1948ء کو چٹا کانگ میں بنگالی افسروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا آپ کو اپنا فرض منصبی خادموں کی طرح انجام دینا ہے، آپ کو اس سیاسی جماعت یا اُس سیاسی جماعت سے کوئی سروکار نہیں۔ یہ آپ کا کام نہیں یہ سیاست دانوں کا کام ہے کہ وہ موجودہ آئین یا آئندہ آئین جو بالآخر تشکیل پائے گا، کے تحت اپنے موقف کے لئے لڑیں۔ آپ سرکاری ملازم ہیں۔ جس جماعت کو اکثریت حاصل ہوگی وہ حکومت بنائے گی اور آپ کا فرض ہے کہ آپ وقتی طور پر اس حکومت کی خدمت ملازمین کی طرح کریں، سیاست دانوں کی طرح نہیں۔ یہ آپ کیسے کریں گے۔

حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں سیاسی عدم استحکام کا مسئلہ 1951ء میں وزیراعظم لیاقت علی خان کی شہادت کے فوراً بعد شروع ہو گیا تھا۔ ہم اپنے قارئین کو متعدد مرتبہ یہ بتا چکے ہیں کہ اکتوبر 1958ء میں ایوب خان کے مارشل لاء تک گیارہ سالوں میں سات وزیراعظم آئے جب ایوب خان نے مارشل لاء لگایا تو اگرچہ عوامی سطح پر تو پُرزور طریقے سے ''جی آیاں نوں'' کہا گیا، لیکن دانائے قوم نے اِس خطرے کا اظہار کیا تھا کہ اونٹ نے چالاکی سے بدو کے خیمہ میں اپنے پاؤں داخل کر دیئے ہیں۔ ایوب خان کے مارشل لاء پر جہاں عوام ضروریات زندگی کے فوری طور پر سستے ہونے پر خوشی کا اظہار کر رہے تھے وہاں حسین شہید سہروردی جیسے اعلیٰ پایہ کے وکیل جو فلسفہ سیاست پر اتھارٹی بھی تھے اور عملی طور پر انتہائی کامیاب سیاست دان بھی تھے۔ موصوف تقسیم ہند کے وقت متحدہ بنگال کے وزیراعلیٰ تھے۔ یاد رہے بنگال 1947ء میں پاکستان اور بھارت کے درمیان تقسیم ہو گیا تھا۔ اُنہوں نے ایوب خان کے اِس مارشل لاء کی شدت سے مخالفت کی تھی لہٰذا گرفتار کر لیے گئے۔ اُنہوں نے فوجی عدالت میں اپنا کیس خود پلیڈ کیا اور ایسے تاریخی دلائل دیئے جنہیں قانون کی کتابوں کا حصہ بننا چاہیے تھا تاکہ آج کے طالب علم جان سکتے کہ مارشل لاء اور غیر نمائندہ حکومتیں قومی سلامتی کے لیے ہلاکت خیز کیوں ثابت ہوتی ہیں اور سویلین بالادستی سیاسی استحکام، معاشی ترقی، امن وامان اور بحیثیت مجموعی قومی ترقی کے لیے کیوں ناگزیر ہے۔ یہاں یہ سوال کیا جاسکتا ہے کہ ایوب خان کے مارشل لاء میں تو یہ سب کچھ ہو گیا تھا یعنی سیاسی استحکام بھی آیا تھا، معاشی ترقی بھی بے مثل ہوئی تھی اور امن وامان بھی قائم تھا۔ تو اُس کا جواب یہ ہے کہ اُس دور میں جبری سیاسی استحکام نے ایسی گھٹن

پیدا کی جس سے مارشل لاء کے خلاف ایسی زوردار عوامی تحریک چلی جو سب کچھ بہا کر لے گئی اور جبری سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کو تلپٹ کر دیا۔ اس عوامی تحریک نے ایوب خان کو مستعفی ہونے پر مجبور کر دیا۔ ضرورت تو اس امر کی تھی کہ اس خوفناک انجام سے سبق سیکھا جاتا اور اُس وقت کے آئین کے مطابق قومی اسمبلی کے سپیکر کو اقتدار منتقل کر دیا جاتا جو انتخابات کروا کر عوامی نمائندوں کو اقتدار منتقل کر دیتے لیکن اب ایک اور غلطی کا ارتکاب کیا گیا۔ ایوب خان نے اپنے ہی آئین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اقتدار فوج کے سربراہ یحییٰ خان کے حوالے کر دیا۔ یحییٰ خان کو چونکہ ایک عوامی تحریک کے نتیجہ میں اقتدار ملا تھا۔ اِس عوامی تحریک کی چھاپ اور عوام کا جوش و خروش ابھی چونکہ باقی تھا لہٰذا یحییٰ خان انتخابات کے انعقاد پر تو مجبور ہو گیا، لیکن انتخابات کے بعد منتقلی اقتدار کے وقت اس کی نیت میں فتور آ گیا۔ جس نے سارا معاملہ چوپٹ کر دیا۔ بہرحال یہ طے شدہ بات ہے کہ اگر آئین کے مطابق سپیکر قومی اسمبلی کی سرپرستی میں بنائی ہوئی عبوری حکومت انتخابات کرواتی تو معاملات خوش اسلوبی سے طے ہو جاتے، لیکن ایسا نہ ہو سکا۔

مشرقی پاکستان چونکہ پہلے ہی ایک فوجی آمر کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کر چکا تھا جب یحییٰ خان نے بھی عوامی نمائندوں کو اقتدار منتقل کرنے میں لیت و لعل سے کام لینا شروع کیا اور عوامی مزاحمت پر قوت کا استعمال کیا تو ہمیں 16 دسمبر 1971ء جیسا دن دیکھنا پڑا۔ جب جرنیل نیازی نے پلٹن میدان میں جگجیت سنگھ اروڑا کے سامنے ہتھیار ڈالے۔ تاریخِ اسلام میں اتنی بڑی اسلامی فوج نے پہلی بار ہتھیار پھینکے تھے اور یہ نتیجہ تھا اپنی اُس غلطی پر اصرار کا جو 1958ء میں ایوب خان نے کی تھی۔ 1977ء میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو کی انتخابی دھاندلی کے خلاف عوامی تحریک چلی۔ سیاسی مخالفین نے مذاکرات کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی کوشش کی۔ کوثر نیازی مرحوم کی کتاب ''اور لائن کٹ گئی'' کے مطابق فریقین دوبارہ انتخابات پر متفق ہو گئے تھے۔ جزیات ابھی طے ہونا تھیں۔ ذوالفقار علی بھٹو معاملات کے طے پا جانے پر غیر ملکی دورے پر چلے گئے۔ اُن کی واپسی پر دوبارہ مذاکرات کا آغاز ہوا ہی تھا کہ پھر ایک غلطی کا ارتکاب ہوا۔ 5 جولائی 1977ء کو جمہوریت کی بساط لپیٹ دی گئی جنرل ضیاء الحق نے مارشل لاء لگا دیا۔ اُنہوں نے ٹیلی ویژن پر قوم سے وعدہ کیا کہ وہ 90 دن میں انتخابات کروا کر اقتدار عوامی نمائندوں کو منتقل کر دیں گے۔ اِن 90 دنوں کو گزرتے گزرتے گیارہ (11) سال لگ گئے۔ یوں تو جنرل ضیاء الحق نے بھی قومی سطح پر کئی اچھے کام کیے، لیکن غیر جماعتی انتخابات کا ملک میں تجربہ کر کے پاکستان میں جماعتی نظم سے آزاد ہو کر انتخابات کو دھن، دولت، دھونس اور برادری سسٹم کی بنیاد فراہم کر دی۔ کلاشنکوف کلچر بھی رواج پا گیا۔ پھر یہ کہ غیر جماعتی انتخابات کے نتیجہ میں جو جماعتی حکومت قائم ہوئی اُس کو جنرل صاحب نے 29 مئی 1988ء کو رخصت کر دیا۔ ابھی وہ اور غیر جماعتی انتخابات کروا کر خود کو مضبوط کرنا چاہتے تھے لیکن اللہ کو کچھ اور ہی منظور تھا وہ ایک جہاز کے حادثہ میں جاں بحق ہو گئے۔ اُنہوں نے اقتدار کے دوران اسلام کے نام کو خوب استعمال کیا، ہو سکتا ہے اُن کی نیت اچھی ہو لیکن پاکستان تو اسلامی نظام کی طرف ایک قدم نہ بڑھ سکا بلکہ اِس حوالے سے کئی تنازعات کھڑے ہو گئے۔

12 اکتوبر 1999ء کو ملکی سرحدوں کے محافظوں نے اپنی غلطی پھر دہرائی اور جواز یہ پیش کیا کہ عوامی وزیر اعظم نواز شریف نے آرمی چیف کو برطرف کر دیا۔ حالانکہ یہ فیصلہ غلط تھا یا صحیح آرمی چیف کو بہر حال تسلیم کرنا چاہیے تھا۔ یہ ڈسپلن کا تقاضا تھا۔ وزیر اعظم کو آرمی چیف تبدیل کرنے کا قانونی حق تھا جو اُس نے استعمال کیا۔ لیکن بغاوت کر کے غلط مثال قائم کی گئی اور باغیانہ روش اختیار کر کے غلطی پھر دہرائی گئی۔

اپریل 2022ء میں وزیر اعظم عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد منظور ہوئی اور وہ وزارتِ عظمیٰ سے فارغ ہو گئے۔ ہمیں اِس بحث میں جانے کی ضرورت نہیں کہ اس میں فوج نے کیا کردار ادا کیا تھا کیونکہ یہ اظہر من الشمس ہے۔ لیکن یہ خبریں بڑی تفصیل سے آنے لگیں کہ اُن پر کاٹے کا نشان لگا دیا گیا کہ وہ کبھی اقتدار میں نہیں آ سکیں گے۔ پھر 9 مئی 2023ء کا عذر تراش کر اُن سے اور اُن کی جماعت سے کیا کچھ کیا گیا۔ یہ بھی ہم تفصیل سے لکھ چکے ہیں اور پاکستان کا ہر شہری اس بات کو جان چکا ہے۔ ہر غیر اخلاقی اور غیر قانونی حربہ اختیار کیا جا چکا ہے اور کیا جا رہا ہے کہ کسی طرح مقتدر حلقوں کی نظر میں ناپسندیدہ شخص اقتدار میں نہ آئے۔ لیکن عوام نے حیرت انگیز طریقے سے ان تمام حربوں کو رد کر کے تمام سیاسی اور عسکری حلقوں کو آگاہ کر دیا ہے کہ وہ کس جماعت کو اور کس فرد کو برسر اقتدار دیکھنا چاہتے ہیں اگر ایک بار پھر یہ غلطی دہرائی گئی کہ عوام کی خواہش جو ووٹوں کی صورت میں دنیا کے سامنے آئی ہے، اگر اُسے رد کر دیا جاتا ہے تو انجام مختلف نہیں ہوگا۔ آخر میں ہم فیصلہ ساز حلقوں کی خدمت میں گزارش کریں گے کہ یہ 1958ء نہیں بلکہ 2024ء ہے۔ دنیا بہت بدل چکی ہے۔ پاکستانیوں کا سیاسی شعور ناقابلِ یقین حد تک پختہ ہو چکا ہے۔ عوام اور عسکری اداروں میں ذہنی ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ فوج عوام میں سے ہے لہٰذا عوام فوج سے ٹوٹ کر محبت کرتی ہے لیکن اُس کی یہ شدید خواہش ہے کہ فوج بھی عوامی خواہشات کا احترام کرے اور صحیح معنوں میں ووٹ کو عزت دے۔ جبکہ عوام کی خواہش کو ٹھکرانے سے ناقابلِ عبور خلیج پیدا ہو جائے گی جو ملکی سلامتی کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہوگی۔ سانحہ 1971ء صرف اس لیے رونما ہوا تھا کہ فوج کی پشت پر عوام نہیں تھے۔

❁❁❁

موجودہ سیاسی صورتحال پر 15 نکاتی تبصرہ

مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی، لاہور میں امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ حفظہ اللہ کے 16 فروری 2024ء کے خطاب جمعہ کی تلخیص

خطبہ مسنونہ اور تلاوت آیات کے بعد

اس وقت جو بھی ملکی صورتحال ہے اور جہاں ہم پہنچے ہوئے ہیں اس کے تناظر میں گزشتہ کئی خطبات جمعہ میں گفتگو ہو چکی ہے۔ محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کا بھی برسوں کا ایک تجزیہ رہا ہے اور تنظیم اسلامی کی پالیسی بھی رہی ہے کہ ان حالات کی اصل وجوہات کو بیان کیا جائے۔ یہ بڑا پیارا ملک ہے جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں نزول قران کے مہینے کی ستائیسویں شب کو عطا فرمایا۔ اس کے قیام کے مقاصد بڑے عالی شان تھے اور اس کا ایک عظیم مشن تھا۔ مگر بدقسمتی سے آج ہم برما کے مسلمانوں کو بھول گئے ہیں، کشمیر کے مسلمانوں کے بارے میں تو شاید لگتا ہے کہ سودا ہو چکا اور فلسطین کے مسلمانوں کے بارے میں شاید ہمارے پاس وقت نہیں رہا۔ کہاں اس امت کو اس پورے عالم کے لیے کھڑا کیا گیا اور کہاں آج 25 کروڑ ایک گرداب میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس مملکت اور ہمارے حال پر رحم فرمائے۔ اس تناظر میں آج 15 نکات پر مشتمل گزارشات پیش کرنا مقصود ہیں۔

(1) مملکت اسلامی ہو

سب سے پہلی بات اس مملکت خداداد کا نام ہم نے اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا ہے۔ یہ ملک ہم نے اسلام کے نام پر لیا۔ ہم الٹے لٹک چکے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ہمارے مسئلے حل نہیں ہو رہے۔ اسلام کا سافٹ امیج، روشن خیالی اور پتا نہیں کیا کیا ڈھونگ ہم نے رچائے طاغوت کو خوش کرنے کے لیے لیکن حالات دن بدن بگڑتے چلے گئے۔ سو باتوں کی ایک بات کہ یہ مملکت ہم نے اسلام کے نام پر حاصل کی۔ باقی دنیا میں کسی نے نسل کی بنیاد پر ملک بنایا، کسی نے جغرافیہ کی بنیاد پر، کسی نے زبان کی بنیاد پر، کسی نے تاریخ کی بنیاد پر لیکن پاکستان اسلام کے نام پر بنا اور اس کی بقاء، سلامتی اور استحکام بھی صرف اور صرف اسلام کے نفاذ میں ہے۔

(2) مملکت جمہوری ہو

جب تک اس مملکت میں اسلام نہیں آ جاتا تب تک نظام تو بہرحال چلانا ہے اور نظام کو چلانے کے اعتبار سے ہماری رائے یہ ہے کہ آمریت کے مقابلے میں جمہوری طرز حکومت بہتر ہے۔ یہ اور بات ہے کہ جمہوریت کا بھی ہم نے وہ حشر کر دیا ہے کہ اس کا بھی کوئی منہ متھانہ چھوڑا لیکن اس کے باوجود ہم کہتے ہیں کہ جمہوریت میں کم از کم عوام اپنے حقوق کے لیے آواز تو اٹھا سکتے ہیں، اپنی رائے کا اظہار تو کر سکتے ہیں۔ ہم دین کے داعی ہیں، نفاذ اسلام کی جدوجہد کرنا چاہتے ہیں، دعوت وتبلیغ کا کام کرنے والے ہیں، امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں، ہمیں جمہوریت میں زیادہ مواقع میسر ہوں گے۔ البتہ ہم ایسی جمہوریت کی قطعاً حمایت نہیں کرتے جس میں عوام کی حاکمیت اعلیٰ کا تصور ہو۔ ہمارے آئین میں چونکہ لکھا ہوا ہے کہ اس ملک میں حاکمیت اعلیٰ

مرتب: ابو ابراھیم

صرف اللہ تعالیٰ کی ہوگی اس لیے ہم نظام کو چلانے کے اعتبار سے یہاں جمہوریت کی حمایت کرتے ہیں۔ جس طرح ایک انسان کو زندہ رہنے کے لیے ہوا، پانی اور غذا کی ضرورت ہوتی ہے لیکن اس کی روح کے لیے اسلام ضروری ہے۔ اسی طرح پاکستان کی بقاء اور سلامتی کے لیے اسلام ضروری ہے کیونکہ یہ اسلام کے نام پر بنا ہے اور اسلام کی بدولت ہی باقی رہ سکتا ہے لیکن جب تک اسلام نہیں آ جاتا تب تک اس کا نظام چلانے کے لیے جمہوریت بہتر ہے۔

(3) ریاستی جبر نہ ہو

ریاستی جبر سے اگر دبانے کی کوششیں کی جائیں گی تو نفرتوں کو بڑھانے کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا چاہے یہ ریاستی جبر کسی علاقے کے لوگوں کے ساتھ ہو، کسی پارٹی کے کارکنوں کے ساتھ ہو یا کسی سیاسی لیڈر کے خلاف ہو اور نفرتوں کا بڑھنا اس مملکت کے لیے قطعاً سود مند ثابت نہیں ہوگا۔ اب یہ خطرات ہمارے سروں پر منڈلا رہے ہیں، سوشل میڈیا، ٹاک شوز میں جو کچھ کہا جا رہا ہے اس میں کتنا سچ اور کتنا جھوٹ ہے، یہ الگ بات ہے لیکن منبر پر بیٹھ کر ہم نے دینی پیراڈائم میں ہی بات کرنا ہوتی ہے۔ مسلم شریف میں اللہ کے رسول علیہ السلام کی حدیث بھی ہے:

((الدین النصیحة)) دین نصیحت وخیر خواہی کا نام ہے۔

یہ خیر خواہی کے ساتھ مشورے دینا ہماری دینی ذمہ داری بنتی ہے۔ اس پلیٹ فارم سے ہم یہی کہیں گے کہ ریاستی جبر کے ذریعے لوگوں کی آواز کو، ان کی رائے کو دبانے کی کوشش ریاست کے حق میں مفید ثابت نہیں ہوگی۔

(4) ریاستی ادارے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں

ریاستی اداروں کو چاہیے کہ وہ آئین اور قانون کے دائرے میں اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ چاہے اسٹیبلشمنٹ کے افراد ہوں، افواج کے لوگ ہوں، ججز ہوں وہ آئین اور قانون کی پاسداری کریں۔ صورتحال خراب اس وقت ہوتی ہے جبکہ ادارے اپنی آئینی حدود کو پامال کر کے وہ کام کرتے ہیں جو ان کی ذمہ داری میں شامل نہیں ہوتا۔ پھر ملک میں انتشار پیدا ہوتا ہے۔ اس وقت جو ملک کی صورتحال ہے یہ اسی وجہ سے ہے کہ ادارے اپنی آئینی حدود کو پامال کر رہے ہیں۔

(5) عوامی رائے کی اہمیت

عوامی رائے کی بہرحال ایک اہمیت ہے۔ اگرچہ مادر پدر آزادی کے ہم بھی قائل نہیں ہیں کہ اگر 25 کروڑ میں سے 14 کروڑ 50 لاکھ کہہ دیں کہ شراب حلال ہے تو وہ حلال ہو جائے گی۔ البتہ جائز حدود کے اندر عوامی رائے کا احترام کیا جائے۔ یکسر عوامی مینڈیٹ کو سائیڈ لائن کر دیا جائے تو یہ چیز بھی ریاست کے حق میں مفید نہیں ہوگی کیونکہ آج لوگوں میں شعور آ چکا ہے، اگر آپ جبر کے ذریعے عوام کی جائز رائے کو دبانے کی کوشش کریں گے تو

یہ الٹا ملک کے لیے خطرناک ہوگا۔

(6) اداروں اور عوام میں ٹکراؤ نہ ہو

ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان ٹکراؤ بربادی کی علامت ہے ۔ چاہے اس ٹکراؤ کی جانب پیش قدمی کرنے والے عوام ہی کیوں نہ ہوں یا کسی سیاسی جماعت کے کارکن ہی کیوں نہ ہوں ۔ چاہے جبر کے ذریعے لوگوں کو اس ٹکراؤ تک لانے میں ریاستی اداروں کا ہی کردار کیوں نہ ہو، یہ چیز بھی مملکت کے لیے انتہائی نقصان دہ ثابت ہوگی ۔ جب ایسی صورتحال پیدا ہوتی ہے تو پھر بیرونی مداخلت اس ٹکراؤ کو خانہ جنگی کی طرف لے جاتی ہے ۔ 1971ء میں بھی صورتحال اسی وجہ سے خراب ہوئی تھی اور ملک دوٹکڑے ہوگیا تھا۔ اللہ تعالیٰ ہمارے مقتدر طبقات کو، ریاست چلانے والوں کو اور سیاستدانوں کو بھی ہوش کے ناخن لینے کی توفیق عطا فرمائے ۔

(7) نفرتوں کا خاتمہ ضروری ہے

ملکی سلامتی کے لیے نفرتوں کا خاتمہ ضروری ہے ۔ آج کل جوڑ توڑ چل رہا ہے ۔ ایک دوسرے کو گالیاں دینے والے، قتل کی دھمکیاں دینے والے اور ٹاک شوز کو میدان جنگ بنانے والے آج ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھ رہے ہیں ۔ پھر وہ کہتے ہیں قوم کے وسیع تر مفاد میں مفاہمت ہو جائے کیا برا ہے ۔ ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ قومی مفاد کے لیے اپنی مفاد پرستی کو چھوڑ دو ۔ جب اپنا مفاد ہوتا ہے تو جا کر بڑے گیٹ کے سامنے اقتدار کی بھیک مانگتے ہو ۔ جب مفاد کی ہوس جاگتی ہے تو کل کے دشمنوں کو بھی گلے لگاتے ہو، قوم کو انتشار میں ڈالنے کے بعد اب تمہیں وسیع تر قومی مفاد یاد آ گیا ۔ یہی کام تم پہلے کیوں نہیں کرتے ۔ واقعی ملک وملت اور قوم اور ریاست کا مفاد تمہیں اتنا عزیز ہے تو مفاد پرستی کو چھوڑ کیوں نہیں دیتے ۔ مسلم شریف میں حدیث ہے ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''منافق کی چار نشانیاں ہیں : جب بات کرے تو جھوٹ بولے ، جب وعدہ کرے تو اس کے خلاف کرے ، جب امانت رکھوائی جائے تو اس میں خیانت کرے اور جب لڑائی جھگڑا ہو جائے تو گالم گلوچ کرے ۔''

محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ فرماتے تھے کہ آج دین سے فرار کی روش کی وجہ سے ہم پر نفاق مسلط کر دیا گیا ہے اور یہ ہمارا قومی مزاج بن گیا ہے ۔ اگر واقعی ہمیں قومی مفاد عزیز ہے تو پھر ہمیں چاہیے کہ جھوٹ چھوڑ دیں، وعدہ خلافی چھوڑ دیں، خیانت کرنا چھوڑ دیں، یہ گالم گلوچ چھوڑ دیں ۔ یہ صوبائی، نسلی، لسانی نفرتیں اور تعصبات چھوڑ دیں ۔

(8) ٹو (2) پارٹی سسٹم ہونا چاہیے

استاد محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ فرماتے تھے کہ یہ چوں چوں کا مربع نہیں ہونا چاہیے کہ کسی پارٹی کے پاس دو سیٹیں ہیں، کسی کے پاس دس ہیں، کسی کے پاس پندرہ ہیں، یعنی سادہ اکثریت کسی کے پاس بھی نہیں ہے، ایک ایک سیٹ کے پیچھے قومی مفاد داؤ پر لگ جاتا ہے ۔ اس طرح پھر جمہوریت مستحکم نہیں رہتی، خرید وفروخت، ہارس ٹریڈنگ، تخت گرانے اور بچانے کا کھیل شروع ہوجاتا ہے ۔ بجائے اس کے صرف دو پارٹیاں ہونی چاہئیں جس طرح امریکہ میں ہیں ۔ ان کے درمیان ہی مقابلہ ہو اور جو اکثریت حاصل کرے اس کو حکومت دی جائے ۔ اگر ایسا ہو گا تو نظام بخوبی چلتا رہے گا۔

(9) سیاستدان ڈلیور کریں

بجائے اس کے کہ سیاستدان اقتدار کے حصول کے لیے اسٹیبلشمنٹ کی طرف دیکھیں، ڈلیور کر کے دکھائیں، عوام کی خدمت کریں، عوام کے مسائل حل کریں تو عوام خود انہیں منتخب کریں گے ۔ اس وقت عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں ، ہر چیز کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں ، غریب ، مزدور کے لیے دو وقت کی روٹی مہیا کرنا مشکل ہو گیا ۔ بجلی ، گیس کے بل ادا کریں تو گھر میں فاقوں کی نوبت آجاتی ہے ۔ سیاستدان اگر اسٹیبلشمنٹ کی طرف دیکھنے کی بجائے عوام کی طرف دیکھیں ، عوام کے مسائل حل کرنے کی کوشش کریں تو ملک کے حالات بھی شاید سدھر جائیں اور عوام اور حکمرانوں کے درمیان خلا بھی کم ہو جائے اور کوئی ان سے کرسی بھی نہ چھین سکے ۔

(10) دینی جماعتوں کا المیہ

جیسے تیسے انتخابات ہوئے دینی جماعتوں کو قوم نے بالکل مسترد کر دیا ۔ یہ بہت بڑا المیہ ہے ۔ نکاح مولوی سے پڑھواتے ہیں ، فتویٰ لینا ہو تو مولوی سے لیتے ہیں ، نماز جنازہ پڑھنی ہو تو مولوی کو بلاتے ہیں ، لیکن جب ووٹ دینے کی باری آتی ہے تو بے چارے مولوی کو کوئی پوچھتا ہی نہیں ۔ دینی سیاسی جماعتوں کو بھی سوچنا چاہیے کہ ایسا کیوں ہو گیا؟ کیا ان دینی جماعتوں کی طرف سے دعوت ، تربیت ، ذہن سازی میں کمی رہ گئی ہے ، عوام پر جو محنت ہونی چاہیے تھی کیا اس میں کمی رہ گئی ہے ۔ اس پر بھی سوچنا چاہیے لیکن کچھ وجوہات اور بھی ہیں ان پر بھی غور کرنا چاہیے ۔ جب ایک حلقہ میں چار پانچ دینی جماعتیں مدمقابل ہوں گی تو دینی حلقوں کا ووٹ بینک تقسیم ہو جائے گا اور سیکولر جیت جائیں گے ۔ پھر جب دینی جماعتیں آپس میں مدمقابل ہوں گی تو وہ ایک دوسرے کی مخالفت بھی کریں گی، اس طرح بھی ان کا ووٹ بینک کم ہو گا اور فائدہ سیکولر جماعتوں کو ہو گا ۔ دینی سیاسی جماعتوں کو ان پہلوؤں کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے ۔

(11) انتخابی سیاست کے منہج پر نظر ثانی کریں ۔

ابھی الیکشن کی گرما گرمی ہے ، ذرا ماحول جب معمول پر آجائے تو دینی سیاسی جماعتوں کو بیٹھ کر کھلے دل کے ساتھ اور پوری فکر اور توجہ سے کے ساتھ سوچنا چاہیے کہ کیا واقعی انتخابی راستہ ان کے لیے سودمند ہے؟ ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے اسی وجہ سے جماعت اسلامی سے علیحدگی اختیار کی تھی کیونکہ انہیں بخوبی اندازہ ہو گیا تھا کہ انتخابی راستے سے پاکستان میں اسلام کا نفاذ ممکن نہیں ۔ یعنی اس راستے سے انقلاب نہیں آسکتا ۔ کیا کسی دینی سیاسی جماعت کا فرد الیکشن مہم کے دوران کھڑا ہو کر عوام میں یہ کہے گا کہ جھوٹ مت بولا کرو، سود مت کھایا کرو، بیٹیوں کو بہنوں کو وراثت میں حصہ دیا کرو، اللہ نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں وقت پر ادا کیا کرو، ملاوٹ مت کیا کرو؟ یہ باتیں وہاں کوئی نہیں کرتا، اس لیے کہ اس انتخابی سیاست کا میکنزم ہی کچھ اور ہے ۔ آج ایک بڑی دینی سیاسی جماعت کی شوریٰ کے اجلاس کا یہ نکتہ سامنے آیا ہے کہ اس پارلیمنٹ میں بیٹھ کر کچھ نہیں ہونے والا، ہمیں میدان میں آنا پڑے گا ۔ ڈاکٹر اسرار احمدؒ یہی نکتہ سمجھاتے سمجھاتے دنیا سے چلے گئے انتخابی سیاست سے کوئی تبدیلی یا انقلاب نہیں آسکتا ۔ انقلاب لانا ہے تو منہج انقلاب نبوی کو مدنظر رکھ کر آگے گراس روٹ لیول سے دعوت کا کام سٹارٹ کرنا پڑے گا، وہاں سے انقلابی جدوجہد شروع کرنا پڑے گی ۔ 2024ء میں آ کر دینی سیاسی جماعتوں کو یہ بات سمجھ میں آنے لگی ہے کیونکہ 76 سال کا تجربہ ان کے سامنے ہے ۔ ہم تو یہی کہیں گے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک موقع ہے، اس انتخابی راستے کو ترک کر کے آپ منہج انقلاب نبوی کو اختیار کر لیجئے ۔

(12) عوام کے جذبات کو مثبت رخ پر ڈھالا جائے

عوام کا بہت بڑا طبقہ اس وقت شدید جذبات میں ہے ، لوگوں سڑکوں پر بھی نکل رہے ہیں ۔ اگر یہ جذبات خالص سیاسی جدوجہد کے طور پر سامنے آئے ہیں تو بھی غلط نہیں ہیں ۔ ڈاکٹر اسرار احمدؒ بھی فرماتے تھے کہ عوام کے بہاؤ کو الٹنے کی کوشش کریں گے تو آپ خود الٹ جائیں گے ۔ لہٰذا بہتر ہے کہ ان کے جذبات اور اس بہاؤ کو مثبت طور پر صحیح رخ پر ڈھالنے کی کوشش کریں ۔ صحیح رُخ کیا ہے؟ ہم کہتے ہیں یقیناً ظلم کے خاتمے کے لیے کھڑا ہونا چاہیے ۔ یہ آپ کا اور میرا دینی فریضہ ہے ۔ قران پاک ہم

سے تقاضا کرتا ہے:

﴿كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ﴾ (النساء:135) ''کھڑے ہوجاؤ پوری قوت کے ساتھ عدل کو قائم کرنے کے لیے۔''

اسی طرح رسول اللہ ﷺ سے کہلوایا گیا:

﴿وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۭ﴾ (الشوریٰ:15) ''اور (آپ کہہ دیجیے کہ) مجھے حکم ہوا کہ میں تمہارے درمیان عدل قائم کروں۔''

اللہ رب العالمین العادل، ذات المقسط ہے۔ اس کے عطا کردہ نظام میں ہی اصل فلاح ہے اور اس کے ادا کردہ دین کے نفاذ سے ہی واقعتاً عدل میسر آ سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ دینی طبقات کو اب چاہیے کہ وہ عوام کے جذبات کو اس رُخ پر ڈھالنے کی کوشش کریں۔

(13) ایمان پر محنت کرنے کی ضرورت

میرے بھائیو، بزرگو! جو تان ٹوٹتی ہے ایمان کی محنت پر آ کر ٹوٹتی ہے۔ ڈاکٹر اسرار احمدؒ سورۃ العصر کے درس میں فرماتے تھے کہ سارے دینی تقاضے اس سورت کے ذیل میں آجاتے ہیں لیکن اصل امتحان آخری دو شرائط میں ہے:

﴿وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ڏ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ③﴾ (العصر) ''اور انہوں نے ایک دوسرے کو حق کی نصیحت کی اور انہوں نے باہم ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کی۔''

اگر صبر کے مراحل کا معاملہ دکھائی نہیں دے رہا تو کہیں حق کے بیان میں کمی ہے اور حق کا بیان اگر نہیں ہو رہا تو اعمال صالحہ میں کمی ہے۔ اگر اعمال صالحہ نہیں ہو رہے تو ایمان میں کمی ہے۔ لہٰذا آج شدت سے اس بات کی ضرورت ہے کہ حقیقی ایمان کو اپنے دلوں میں پیدا کرنے کی جدوجہد کی جائے۔ حقیقی ایمان دلوں میں قرآن کے ذریعے پیدا ہوگا جس کو آج ہم نے فراموش کر دیا ہے:

﴿وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا﴾ (الانفال:2) ''اور جب انہیں اُس کی آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کے ایمان میں اضافہ ہوجاتا ہے۔''

آج یہ ساری کرپشن، ہارس ٹریڈنگ، بگاڑ، نفرتیں، حرام خوری، حق تلفیاں، ظلم و جبر کا ماحول ہمارے معاشرے کا حصہ بن چکا ہے۔ یہ قانوناً مسلمان ہیں کافر تو نہیں ہیں معاذ اللہ لیکن مسئلہ کیا ہے؟ زبان پر اسلام کا دعویٰ ہے لیکن دل میں یقین نہیں ہے۔ لوگ کلام پاک پر قسم اٹھا اٹھا کر وعدے کر جاتے ہیں پھر مکر جاتے ہیں۔ خوف خدا نہیں، مرنے کے بعد اللہ کے سامنے جوابدہی کا احساس نہیں۔ سو بات کی ایک بات کہ ایمان حقیقی نہیں ہے جو اصلاً قرآن کریم کے ذریعے میسر آتا ہے۔ اس ایمان کا تقاضا سچی توبہ ہے۔ یہ توبہ انفرادی سطح پر بھی درکار ہے اور اجتماعی سطح پر بھی کیونکہ ہمارے کچھ جرائم اجتماعی سطح کے ہیں۔ یہ ملک ہم نے لیا اسلام کے نام پر اور 77 سال ہوگئے، اللہ کے دین سے بغاوت اور وعدہ خلافی کرتے ہوئے۔ اجتماعی توبہ یہ ہوگی کہ ہم اللہ کے دین کو بالفعل قائم کریں۔

(14) منہج انقلاب نبوی ﷺ کو اپنائیں۔

محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے منہج انقلاب نبوی کے موضوع پر 1980ء کی دہائی میں 11 خطبات جمعہ دیے جو کتابی شکل میں اور آڈیو ویڈیوز کی شکل میں موجود ہیں۔ پھر زندگی کے آخری سالوں میں انہوں نے رسول انقلاب ﷺ کا طریق انقلاب کے عنوان سے ایک خطاب ارشاد فرمایا جس میں مکی دور کے چار مراحل بیان کیے: 1۔ قرآن کے ذریعے دعوت۔ 2۔ دعوت قبول کرنے والوں کو منظم کرکے انقلابی جماعت تیار کرنا۔ 3۔ انقلابی جماعت کی تربیت کرنا، ان کو اللہ والا بنانا اور 4۔ جب تک باطل سے ٹکرانے کی استطاعت نہیں صبر کے مراحل سے گزرنا۔

مدنی دور کے دو مراحل ہیں: 1۔ اقدام جس میں قتال کا حکم بھی آیا۔ 2۔ تصادم۔ بدر سے لے کر فتح مکہ تک چھ برس کے عرصے میں قتال اور تصادم کے نتیجے میں حق غالب ہوگیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿جَاۗءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ﴾ (بنی اسرائیل:81) ''حق آ گیا اور باطل بھاگ گیا۔''

البتہ پاکستان میں چونکہ مدمقابل بھی مسلمان ہیں اس لیے یہاں قتال کا معاملہ موزوں نہیں۔ ڈاکٹر صاحبؒ فرماتے تھے انقلابی جدوجہد میں اپنے حق کا مطالبہ لے کر کھڑا ہونا، باطل نظام کو بدلنا ہمارا حق ہے لیکن یہ حق اپنی حکومت کے لیے نہیں بلکہ اللہ کی حاکمیت کے قیام کے لیے ہے۔ اس کے لیے منظم جماعت کا ہونا ضروری ہے جس میں جان دینے کی بات کی جائے گی جان لینے کی بات نہیں کی جائے گی۔ ہم دینی سیاسی جماعتوں کو بھی یہی دعوت دیتے ہیں کہ وہ انتخابات کا راستہ چھوڑ کر منہج انقلاب نبوی کو اختیار کرلیں۔ اللہ نے بھی یہی فرمایا ہے: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ (الاحزاب:21) ''(اے مسلمانو!) تمہارے لیے اللہ کے رسولؐ میں ایک بہترین نمونہ ہے۔''

اگر آپ اسلامی انقلاب لانا چاہتے ہیں تو وہ بھی اُسوہ حسنہ کی روشنی میں لائیں، اسی میں بہتری ہے۔

(15) اسلامی نظام قائم کیا جائے

آخری بات یہ ہے کہ یہ مملکت ہم نے لی تھی دنیا کے سامنے اسلام کا نمونہ پیش کرنے کے لیے۔ ہمیں تو بہت دور جانا تھا لیکن خود میں ہی اُلجھ کر رہ گئے ہیں۔ پڑوس میں کشمیر ہے لیکن اس کی بات ہی نہیں کرتے، برما کے مسلمانوں کا درد ہمیں محسوس نہیں ہوتا۔ الیکشن کی گھما گھمی میں ہمیں فلسطین بھی یاد نہیں رہا جبکہ ظالم اسرائیل مسلسل بڑھتا چلا جارہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق 30 ہزار سے زائد شہادتیں اور 90 ہزار سے زیادہ زخمی ہیں۔ یو این او کہہ رہا ہے کہ غزہ کے اندر 10 لاکھ افراد بھوک سے دوچار ہیں۔ رفح کے بارڈر پر 13 لاکھ کے قریب فلسطینی ہیں جن کو اسرائیل فلسطین سے نکالنے کی کوشش کر رہا ہے جبکہ دوسری طرف مسلمان خاموش ہیں۔ عرب حکمران مودی کو بلا کر مندروں کا اپنے ہاں افتتاح کروا رہے ہیں۔

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم امیر
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

پاکستان نے اس امت کے لیے کھڑا ہونا تھا کیونکہ ہم نے اسلام کا دعویٰ کیا تھا اور آج ہم 77 برس کے بعد کہاں کھڑے ہیں؟ ملک توڑنے کی باتیں، نفرتیں، تعصبات، علیحدگی کی باتیں ہو رہی ہیں۔ میں نے سورۃ الفتح کی آخری آیت کا ایک حصہ ایک خاص وجہ سے تلاوت کیا تھا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ﴾ (الفتح:28) ''محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔ اور جو ان کے ساتھ ہیں' وہ کافروں پر بہت بھاری اور آپس میں بہت رحم دل ہیں''

شدید کا ایک معنی ہے سخت جان ہے۔ ایمان والوں کو تم دبا نہیں سکتے، مٹا نہیں سکتے، خرید نہیں سکتے۔ پھر یہ بھی نقطہ مفسرین نے بیان فرمایا کہ اللہ نے فطری جذبات رکھے ہیں۔ غصہ بھی مطلوب ہے مگر صحیح جگہ پر۔ غصہ دین دشمنوں کے لیے، سرکشوں اور باغیوں کے لیے رکھیں لیکن اپنے اہل ایمان بھائیوں کے لیے دل میں رحم ہونا چاہیے۔ اگر بڑا مقصد سامنے نہ ہو تو چھوٹے چھوٹے مفادات کے لیے آپس میں لڑائیاں جھگڑے ہوں گے۔ نفرتیں اور تعصبات جنم لیں گے۔ لہٰذا بہتری اسی میں ہے کہ جس مقصد کے لیے یہ ملک بنایا گیا اس کے حصول کے لیے مل کر جدوجہد کریں اور پاکستان کو حقیقی معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنائیں تاکہ اس میں استحکام بھی آئے اور امن و امان بھی ہو، ملک ترقی بھی کرے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہدایت عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین!

❀❀❀

پورا نظام سیکولر ہے، دینی جماعتوں کے کچھ نمائندے اگر اسمبلی میں آ بھی گئے تو وہ کچھ نہیں کر سکتے لہٰذا انقلاب تو تب آئے گا جب فرسودہ باطل نظام کو سہارا دینے والی قوتوں کو بھی ختم کیا جائے: ایوب بیگ مرزا

جو بھی کمزور سی حکومت بنے گی وہ عوام پر مزید بوجھ بنے گی اور عوام میں شدید مایوسی اور ردعمل پیدا ہوگا۔ دینی جماعتوں کو سوچنا چاہیے کہ وہ ان حالات میں کیا رول ادا کر سکتی ہیں: ڈاکٹر فرید احمد پراچہ

الیکشن 2024ء کے نتائج اور اسٹیبلشمنٹ کا کردار کے موضوع پر

حالات حاضرہ کے منفرد پروگرام "زمانہ گواہ ہے" میں معروف دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کا اظہار خیال

میزبان: آصف حمید

مرتب: محمد رفیق چودھری

سوال: الیکشن 2024ء کے بعد امیر جماعت اسلامی سراج الحق صاحب نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ اس کی کیوں ضرورت پیش آئی جبکہ پتہ تو تھا کہ بہت زیادہ نشستیں حاصل نہیں ہو پائیں گی؟

ڈاکٹر فرید احمد پراچہ: ہمارے لیے بھی یہ اچانک خبر تھی۔ اس طرح کی کوئی توقع بھی نہیں تھی کیونکہ اس سے پہلے مرکزی شوریٰ کی مشاورت ہوئی جس میں الیکشن کا تجزیہ بھی ہوا اور اس میں بڑے مثبت پہلو سامنے آئے کہ پہلی دفعہ جماعت اسلامی نے کسی اتحادی جماعت کے بغیر اپنے جھنڈے، اپنے نشان کے ساتھ انتخابات میں حصہ لیا۔ ہر فرد نے یکسو ہو کر بھرپور محنت کی چاہے وہ امیر جماعت ہوں یا عام کارکن ہو۔ ہم اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ ہمارا ووٹ بینک بڑھ گیا، دگنا ہو گیا۔ اگر متناسب نمائندگی کا نظام ہوتا تو اس ووٹ بینک سے ہمیں قومی اسمبلی کے اندر 11 سیٹیں ملتیں۔ یہ بھی بڑی اچھی کارکردگی تھی۔ لیکن اس کے بعد انہوں نے خود کسی مرحلے پر فیصلہ کر لیا۔ اگرچہ یہ بات اپنی جگہ تھی کہ دستوری لحاظ سے پانچ سال کا عرصہ پورا ہو رہا تھا اور نئے انتخاب کا پراسس شروع ہو گیا ہے۔ شوریٰ کے اجلاس میں مشاورت کے بعد تین نام نئے امیر کے لیے تجویز کیے گئے تھے جن میں خود سراج الحق صاحب، لیاقت بلوچ صاحب اور حافظ نعیم الرحمٰن صاحب شامل ہیں۔ بظاہر ان کے استعفیٰ دینے کی کوئی وجہ نہیں تھی۔ اس حوالے سے 17 فروری کو ہماری شوریٰ کا اجلاس رکھا گیا۔ بہت زیادہ امکان یہی ہے کہ شوریٰ ان کے استعفیٰ کو قبول نہیں کرے گی۔

سوال: حالیہ الیکشن کو آپ کس نگاہ سے دیکھتے ہیں؟ ان کو کیا کہیں گے، الیکشن، سلیکشن یا نوٹیفکیشن؟

ڈاکٹر فرید احمد پراچہ: کتنی شرم کی بات ہے کہ انڈیا جیسے ملک میں جہاں بہت سے داخلی تضادات ہیں ان کے الیکشن پر سوالات نہیں اُٹھتے، وہ دنیا سے منوا لیتے ہیں۔ یہاں بھی ہم نے بڑی محنت کی کہ الیکشن کمیشن کو اس سطح پر لایا جائے کہ اسے مکمل طور پر آزاد ہونا چاہیے لیکن جس طرح سے یہ الیکشن ہوا اس سے الیکشن کمیشن پر کئی سوال اُٹھ رہے ہیں۔ سب سے پہلے تو ووٹر لسٹوں میں بہت گڑبڑ کی گئی، ووٹرز کے نام ہی لسٹوں سے غائب کر دیے گئے اور دوسرے حلقوں میں پھینک دیے گئے۔ پھر شہری علاقوں کے پولنگ سٹیشن دیہی علاقوں میں اور دیہی علاقوں کے پولنگ اسٹیشن شہری علاقوں میں منتقل کر دیے گئے۔ میرا اپنا پولنگ سٹیشن تبدیل کر دیا گیا۔ یعنی لوگوں کو ووٹ ڈالنے سے روکنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی۔ لیکن اس کے باوجود لوگ ووٹ ڈالنے گئے تو پھر ان کے ووٹ پر ڈاکہ ڈالنے کی نئی کہانی شروع ہوگئی۔ رات کو نتائج کچھ اور تھے اگلی صبح کچھ اور تھے۔ نواز شریف دونوں سیٹیں ہار چکے تھے لیکن اگلے دن ایک سیٹ پر ان کی جیت کا اعلان کر دیا گیا۔ سب سے بڑی اور منظم دھاندلی کراچی میں ہوئی جہاں یہ طے کر لیا گیا تھا کہ نہ تو وہاں PTI کے ووٹرز کو آنے دیا جائے گا اور نہ جماعت اسلامی کے۔ وہ MQM جس کو بلدیاتی الیکشن لڑنے کی جرأت نہیں ہوئی، جس کا ووٹ بینک ہی کراچی سے ختم ہو گیا تھا، کوئی اس کا نام تک لینا گوارا نہیں کرتا تھا کیونکہ کراچی کی تباہی کا ذمہ دار لوگ MQM کو سمجھتے ہیں، اس کو راتوں رات کئی سیٹیں عطا کر دی گئیں۔ فارم 45 کے رزلٹ بدلے گئے۔ حلقہ 104 میں جماعت اسلامی کے امیدوار کے 29 ہزار ووٹ تھے اور MQM کے امیدوار کے صرف 3 ہزار ووٹ تھے لیکن فارم 47 میں جماعت اسلامی کے امیدوار کے 23 ہزار ووٹ لکھے گئے اور MQM کے امیدوار کے 30 ہزار ووٹ لکھ کر اس کو جتوایا گیا۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ الیکشن نہیں تھا بلکہ کھلم کھلا سلیکشن تھی۔ اسی لیے حافظ نعیم الرحمٰن نے اپنی سیٹ واپس کر دی کہ خراج کی جو گدا ہو وہ قیصری کیا ہے۔ آپ اگر سمجھتے ہیں ہم بھی اس لوٹ مار کے اندر حصہ لیں گے تو ہم میں اور تم میں فرق کیا رہ جائے گا۔ کراچی میں ہماری جیتی ہوئی 6 سیٹیں MQM کو جعلی طور پر دی گئیں۔ ہم کہتے ہیں فارم 45 کے مطابق گنتی کر لیں۔ الیکشن کمیشن نے ٹریبونلز کیوں بنائے خود الیکشن کمیشن یہ کام کرے۔

سوال: آپ اس الیکشن کو کیا نام دیں گے؟

ڈاکٹر فرید احمد پراچہ: ہم یہ تو نہیں کہتے کہ یہ مکمل دھاندلی شدہ ہے اس لیے کہ بہرحال پی ٹی آئی جیتی ہے۔ وہ پی ٹی آئی کو جتانے کے لیے تو نہیں بنا تھا لیکن یہ کہ انجینیئرڈ الیکشن تھا جس میں پہلے سے طے شدہ تھا کہ کس کو کس حد تک جانے دینا ہے۔ لیکن جب رزلٹ کنٹرول سے باہر ہونا شروع ہوئے تو انہیں کنٹرول کرنے کے لیے سارا کچھ کیا گیا۔

سوال: جیسا کہ کہا جا رہا ہے کہ ایک بڑی پارٹی کے ووٹرز

کے لیے طرح طرح کی رکاوٹیں اور مشکلات تھیں ، یہاں تک کہ ووٹر لسٹوں سے ان کے نام ہی کسی اور جگہ شفٹ کر دیے گئے تھے ،اس کے باوجود لوگ جس طرح سے نکلے ہیں اور ووٹ ڈالے ہیں ،اس سے کیا لگتا ہے کہ لوگوں نے اپنا غصہ کس کے خلاف نکالا ہے؟

ایوب بیگ مرزا: پہلے تو میں امیر جماعت سراج الحق صاحب کے استعفیٰ کے بارے میں عرض کروں گا۔ میں ایک معاملے میں جماعت اسلامی کو ہمیشہ سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ یہ وہ واحد جماعت ہے جس کے اپنے اندر جمہوریت ہے ۔ باقی پارٹیوں میں موروثیت بھی چل رہی ہے ، کہیں انٹرپارٹی الیکشن نہیں ہو پاتے ۔ لیکن جماعت اسلامی نے واقعتاً یہ ثابت کیا ہے کہ اگر جمہوریت میں حصہ لینا ہے تو پہلے جماعت کے اندر جمہوریت ہونی چاہیے ۔ یہی وجہ ہے کہ امیر جماعت نے استعفیٰ دیا۔ جہاں تک آپ کے سوال کا تعلق ہے تو میں یہ کہتا ہوں کہ الیکشن تو انسانوں کے درمیان ہوتے ہیں ۔ ایک ریفرنڈم ہوتا ہے جو کسی نکتے پر ہوتا ہے ۔ آپ ریفرنڈم کروا لیجیے کہ 8 فروری کو جو کچھ ہوا ہے کیا اس کو الیکشن کہا جائے ؟ اگر 25 فیصد لوگ بھی کہہ دیں کہ ہاں یہ الیکشن تھا تو میں مان لوں گا کہ 100 فیصد نے کہہ دیا۔

سوال: کیا کبھی پاکستان کے الیکشن پس پردہ قوتوں کی مداخلت کے بغیر ہو سکیں گے؟

ایوب بیگ مرزا: یہ تو حقیقت ہے کہ ہمارے تمام الیکشنز میں پس پردہ قوتیں مدخل ہوتی ہیں ۔ یہ کام پہلے بڑے ڈھکے چھپے انداز میں ہوتا تھا کہ الیکٹ ایبلز کو ایک پارٹی سے دوسری پارٹی میں شفٹ کر دیا، حلقہ بندیوں میں دخل اندازی کر لی لیکن اس طرح نہیں ہوتا تھا جو اس بار کھلم کھلا ہوا ہے کہ یہ ہمارا آرڈر ہے کہ فلاں جیتے گا اور فلاں ہارے گا ۔ ایسی مثالیں سامنے آئی ہیں کہ 80 ہزار ووٹ سے جیتنے والا ہرا دیا گیا اور جس کی ضمانت ضبط ہو رہی تھی اُسے جتا دیا گیا۔ یہ صورتحال پہلے کبھی نہیں تھی ۔ اصل میں میں سمجھتا ہوں کہ طاقتور حلقوں نے خواہ مخواہ اپنے لیے ایک مسئلہ بنا لیا ہوا ہے۔ انہوں نے پوری کوشش کی کہ لوگ کم سے کم ووٹ ڈالیں مگر اتنا ہی زیادہ لوگوں نے ووٹ ڈالے۔

سوال: آپ کیا سمجھتے ہیں کہ سپریم کورٹ نے جو فیصلہ دیا تھا کہ پی ٹی آئی کا انتخابی نشان لے لیا جائے اور بطور پارٹی وہ موجود نہ رہے کیا یہ سارا کچھ اسی میکنگ اور بریکنگ کا حصہ ہے؟

ایوب بیگ مرزا: ہمارا قانون اور ہمارا آئین یہ کہتا ہے کہ جو فیصلہ ہو جائے وہ پبلک پراپرٹی ہوتی ہے ،اس پر کھل کر رائے کا اظہار کیا جا سکتا ہے ۔ لہٰذا میں اپنے اس حق کو استعمال کرتے ہوئے کہوں گا کہ اس کیس کا زیر سماعت آنا ہی غلط تھا جس میں ایک پارٹی کو انتخابی نشان سے محروم کیا گیا۔ دنیا میں الیکشن کمیشن بنتے ہیں لوگوں کو الیکشن کے حوالے سے ترغیب دینے کے لیے، عدالتیں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو موقع دیتی ہیں کہ وہ الیکشن میں حصہ لیں ۔ اگر کوئی فوجداری جرم ہوا ہو تو اس پر سخت سے سخت رویہ اختیار کرتی ہیں تا کہ آئندہ ایسا نہ ہو لیکن جہاں شہری حقوق کا

> **اسٹیبلشمنٹ کا نقطہ نظر یہ ہے کہ چونکہ 1971ء میں شفاف الیکشن کروائے گئے تھے اس لیے ملک ٹوٹ گیا، اگر کنٹرولڈ الیکشن ہوتے تو ملک کبھی نہ ٹوٹتا۔**

معاملہ ہو وہاں عدالتیں قانون میں لچک دکھا کر زیادہ سے زیادہ عوام کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کرتی ہیں ۔ الیکشن کمیشن کا تو کام تھا لوگوں کو الیکشن کی طرف لاتا لیکن یہاں اگر سچ پوچھا جائے تو اصل فساد کی جڑ سپریم کورٹ کا وہ فیصلہ تھا جس میں ایک پارٹی کا انتخابی نشان واپس لیا گیا۔

ڈاکٹر فرید احمد پراچہ: الیکشن ایکٹ وغیرہ کے تحت پارٹی الیکشن کروانے ضروری ہیں ۔ پی ٹی آئی نے انٹرا پارٹی الیکشن اسی طرح کروا دیے تھے جس طرح دوسری پارٹیوں نے کروائے ۔ اگر پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن پر اعتراض ہے تو پھر دوسری پارٹیوں کے الیکشن پر بھی اعتراض ہونا چاہیے تھا کہ جن کے اندر خاندانی بادشاہتیں ہیں ۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ سپریم کورٹ اگر بنیادی حقوق کے تحت فیصلہ کرتی تو بڑی آسانی سے یہ فیصلہ کر سکتی تھی کہ ٹھیک ہے پارٹی نے غلطی کی لیکن یہ عوام کا حق ہے کہ وہ جس پارٹی کو ووٹ دینا چاہیں دے سکتے ہیں ۔ آپ انتخابی نشان واپس لینے کی بجائے اس پارٹی کو سزا کے طور پر جرمانہ کر سکتے تھے کہ آپ بروقت الیکشن نہیں کروا سکے لیکن اب آپ کو اجازت دیتے ہیں کہ الیکشن کے بعد کروا کے جمع کروائیں ۔ لیکن کورٹ نے عوام کو اپنی مرضی کی پارٹی کو ووٹ دینے سے محروم رکھا ۔ ہر جگہ انتخابی نشان مختلف تھے بلکہ ایک ہی حلقہ میں قومی اور صوبائی انتخابی نشان مختلف تھے ۔ پھر یہ کہ مضحکہ خیز نشانات دیے گئے ۔ یہ ساری چیزیں جانبداری کی نشاندہی کرتی ہیں ۔

ایوب بیگ مرزا: پی ٹی آئی نے دو دفعہ انٹرا پارٹی الیکشن کروائے ہیں اور بروقت کروائے ہیں لیکن الیکشن کمیشن نے ان کو بھی مسترد کر دیا۔ پھر حکم دیا 20 دن کے اندر کراؤ، وہ بھی کروائے اس کے باوجود کہ جہاں کہیں وہ اکٹھے ہوتے تھے وہاں چھاپا پڑ جاتا تھا۔

سوال: 1971ء کے واقعات جب ہم پڑھتے ہیں تو سوچتے ہیں کہ ہماری مقتدر قوتوں کو کیوں نظر نہیں آ رہا تھا کہ حالات کس طرف جا رہے ہیں ، اس کے باوجود وہ قوتیں ظلم و جبر میں آگے سے آگے بڑھتی چلی گئیں ۔ اب بھی ایسا ہی محسوس ہو رہا ہے کہ عوامی رائے کو جبر کے تحت دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور ظلم بڑھتا چلا جا رہا ہے، ان حالات میں کہیں ایسا تو نہیں ہوگا کہ عوامی غم و غصہ مقتدر قوتوں کے خلاف لاوا بن کر اُبھرے؟

ایوب بیگ مرزا: 1971ء میں چین نے یحییٰ خان کو مشورہ دیا تھا کہ آپ بنگال کا مسئلہ پُرامن طور پر حل کرنے کی کوشش کریں اور ظلم نہ کریں ۔ یحییٰ خان نے اسی طاقت کے نشے میں رعونت سے جواب دیا:

" I thought you were friend."

یہ طاقت کا نشہ اندھا کر دیتا ہے اور سامنے دکھائی دینے والی چیز بھی دکھائی نہیں دیتی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یحییٰ غدار تھا لیکن یہ نشہ انسان کو اس راستے پر لے جاتا ہے ۔ موجودہ صورت حال بھی اس سے کچھ زیادہ مختلف نہیں ہے ۔

سوال: آپ کیا سمجھتے ہیں کہ جو عوامی رائے کو جبراً دبانے کی کوششیں الیکشن میں یا اس سے قبل کی گئیں اس کے بعد عوام کے دلوں میں ریاست ، ملک اور مقتدر حلقوں کے حوالے سے کیا جذبات پیدا ہوں گے؟

ڈاکٹر فرید احمد پراچہ: 1971ء میں جو سانحہ پیش آیا اس کے متعلق اسٹیبلشمنٹ کا نقطہ نظر یہ ہے کہ چونکہ اس وقت الیکشن شفاف کروائے گئے تھے اس لیے یہ سانحہ پیش آیا ۔ اسٹیبلشمنٹ کے مطابق اگر کنٹرولڈ الیکشن ہوتے تو ملک نہ ٹوٹتا ۔ حالانکہ ملک اس

وجہ سے نہیں ٹوٹا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ الیکشن بھی غیر جانبدارانہ اور شفاف نہیں تھے بلکہ مشرقی پاکستان میں بالکل یکطرفہ چل رہا تھا، جماعت اسلامی کو جلسہ نہیں کرنے دیا گیا تھا۔ مولانا مودودیؒ جلسہ گاہ تک پہنچ نہیں سکے تھے، وہاں افراد پر فائرنگ کی گئی۔ کئی لوگ شہید کیے گئے۔ وہاں ظلم کی انتہا تھی لیکن فوجی حکومت نے امن قائم کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی۔ لیکن جب عوامی لیگ جیت گئی تو پھر جماعت اسلامی کا موقف بھی یہی تھا کہ اس کو حکومت بنانے دی جائے۔ لیکن ادھر بھٹو ضد پر اڑ گئے اور عوامی لیگ کو حکومت نہ بنانے دی۔ اس سے نتیجہ یہ نکالنا چاہیے کہ فوج کو کسی صورت سیاست میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ جہاں تک آپ کے سوال کا تعلق ہے تو یہ ٹیسٹ کر لینا چاہیے کہ وہ قوم جو اپنی فوج اور اپنے شہیدوں پر جان قربان کرتی تھی، جماعت اسلامی نے مل کر قربانیاں دی ہیں، مشرقی پاکستان میں بھی اور کشمیر میں بھی لیکن اب آپ ٹیسٹ کر لیں کہ کتنا احترام رہ گیا ہے۔ سیاسی عمل میں مداخلت کی وجہ سے جو دوریاں پیدا ہو رہی ہیں ان کو ٹھیک کرنا چاہیے۔ یہ صرف ایکس سروس مین سوسائٹی کی پریس کانفرنسوں سے ٹھیک نہیں ہوگا بلکہ اس کے لیے پہلے اس الیکشن کے نتائج کو ٹھیک کرنا ہوگا۔ خود اسٹیبلشمنٹ کو چاہیے کہ وہ الیکشن کمیشن اور ٹربیونلز وغیرہ کو یہ کہیں کہ حقائق کے مطابق رزلٹ دیں۔ اس کے علاوہ کوئی رزلٹ نہ ہو۔

